۷۸۶

لذتِ شامہ ہے ویسے ہی جامہ کی مہک

اے شہِ نجمِ ہدیٰ بادشہِ جنّ و ملک   برہان دیں
نہ تو دیکھا نہ سنا تجھ سا کوئی زیرِ فلک

متصل تجھ سے ہے تائیدِ خداوندِ جہاں
نائبِ آلِ نبی ہے تو جہاں میں بیشک

مستحق تو ہے جہاں میں کہ کہا جائے تجھے
دانش آموز و خردمند و فہیم و زیرک

رو برو تیری سخاوت کے سخائے حاتم
فی المثل ایسی ہے جیسے کہ ہو آٹے میں نمک

زینتِ سامعہ ہے جیسے کہ باتیں تری
لذّتِ شامّہ ہے ویسے ہی جامہ کی مہک

دیکھ لیوے جو ترے بحرِ کرم کا جریاں
ابھی بہنے سے اٹک جائے یہ دریائے اٹک

نہ ملے تجھ سا جو ڈھونڈے فلکِ سرگشتہ
مہ و خورشید کی آنکھوں پہ لگاکر عینک

رحم کی وقت ہے ذرّوں پہ عنایت کی نگاہ
اور ہنگامِ غضب مہر سے جھپکے نہ پلک

بحر کی طرح کُشادہ ہے تیرا دستِ کرم
بند ہوتی نہیں گلزارِ کرم کی پھاٹک

تیرے فرزندوں کا اِقبال زیادہ ہووے
رُو برُو تیرے ترا سدِّ مسد ہو ہر یک

فیل ہے تیری سواری کا یہ چرخِ نیلہ
جس کی خاطر ہوئی پیدا یہ مہ نو کی کجک

ساتھ دوڑے ترے گھوڑے کے اگر صرصر بھی
دو ہی گاؤں میں تو واللہ کہ وہ جائیگی تھک

زادِ تقویٰ ہے اگر پاس تو پھر کیا غم ہے
دعوتِ ہادیہ دُنیا میں ہے جنت کی سڑک

ہم بھی یارب گلِ مقصود چُنیں دامن میں
ہووے زائل کہیں خارِ غمِ فُرقت کی کھٹک

نہ ہوا شاہدِ مطلوب کا دیدار کبھی
اِنتظاری میں کٹی عمر ہماری اب تک

عدل سے، قسط سے، معمور زمانہ ہووے
جلد دِکھلاوے خدا تیغِ اِمامی کی چمک

اُن کو ہے لذّتِ کیفیتِ عقبیٰ کافی
مدعی سے کہو تُو نشّۂِ دولت سے بہک

باندھ لیویں کوئی مضمون کسی کا جو ہم
وہ بھی فرزند ہمارا ہے مگر لے پالک

کھٹکیں ہر ساعت و ہر لحظہ و ہر دم یارب
سینۂ دشمنِ بدکیش میں غم کے ناوک

یہ سخن سنجی ہے اِس درجہ متاعِ کاسِد
جس کا بازارِ جہاں میں نہیں کوئی گاہک

ہے سمائی ہوئی دل میں مرے الفت تیری
اِس پہ شاہد ہے خداوندِ سما اور سمک

وہی ٹپکے گا جو کچھ ظرف میں ہوگا احمدؔ
دل میں جو ہوتا ہے آتا ہے وہی ہونٹوں تک

﴿۲۲﴾

دانش آموز	عقلمند
خردمند	دانشمند ، فهيم
زيرك	عقلمند
زينت سامعه	كان ني زينة
لذتِ شامه	ناك ني لذة
دريائے اٹك	دريائے سندھ
جريان	رواني
سرگشته	گردش كرنار ، پھرنار
عينك	چشمه
زائل	دور ، نابود
ہنگام	وقت
مہر	رحمة
كشاده	كھلاً ، مفتوح
سدمسد	اپنا نائب (اپني خود ني كرسي پر)
چرخِ نيله	اسماني فلك
مہِ نو	هلال ، پہلي رات نو چاند

کجک	اُنکس ، لوکھند نو نوکیلو اُلة جه نا سي هاتھي نے کنٹرول کرے چھے
صرصر	تیز رفتار اُندھي
گلِ مقصود	امید نو پھول
شاہد	محبوب
لے پالک	متبنی ، گود لیدو هوؤ فرزند
بدکیش	جه ني سیرة بد هوئي
ناوک	تیر
سخن سنجی	کلام نے سمجھوؤ
سمک	مچھي ــ یہاں زمین ني مراد چھے
متاعِ کاسد	جه مال نو کوئي خریدنار نه هوئي